MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

میپکو میگ ملتان

نومبر 2016ء

وفاقی وزیر مملکت برائے پانی و بجلی
عابد شیر علی
کی میڈیا سے گفتگو

میپکو ریجن میں بجلی چوروں
کے خلاف آپریشن جاری

میپکو کی آل پاکستان واپڈا انٹر یونٹ
کبڈی ٹورنامنٹ میں سیکنڈ پوزیشن

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین کا سکندر آباد سب ڈویژن کے ملازمین کے اجتماع سے خطاب

میپکو... خدمت و ترقی قدم بہ قدم

شعبہ تعلقاتِ عامہ میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان

بجلی چوری
گرفتاری فوری

حکومتِ پاکستان نے بجلی کے قوانین میں ترمیم کر کے بجلی چوری کی سزائیں انتہائی سخت کر دی ہیں

بجلی چوروں کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ:

- بجلی کی تاروں پر ڈالے گئے کنڈے ہٹا کر میٹر لگوائیں
- گھریلو میٹرز کا کمرشل استعمال ترک کر دیں
- سست رفتار کرائے گئے میٹر تبدیل کرائیں
- اپنے واجبات ادا کر کے اپنے میٹرز بحال کرائیں

نئے قانون کے تحت بجلی چوری کا انجام

- بغیر وارنٹ ناقابلِ ضمانت گرفتاری
- بجلی کے واجبات لیٹ ریونیو کے واجبات کی صورت وصول کیے جائینگے
- 7 سال تک قید بامشقت
- ایک کروڑ روپے تک جرمانہ
- یعنی بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی کی صورت میں ڈیفالٹرز کی جائیداد کی قرقی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

دفعہ	جرم	سزا
462 H	بجلی کی ٹرانسمشن لائنوں سے چوری کرنا	3 سال تک قیدِ بامشقت یا ایک کروڑ روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں
462 I	بجلی کی ڈسٹری بیوشن لائنوں پر کنڈا ڈالنا	3 سال تک قیدِ بامشقت یا 30 لاکھ روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں
462 J	گھریلو صارفین کی جانب سے ٹیمپرنگ کر کے بجلی کے میٹر کو سست کرانا	2 سال تک قیدِ بامشقت یا 10 لاکھ روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں
462 K	صنعتی یا کمرشل صارفین کی جانب سے ٹیمپرنگ کر کے بجلی کے میٹر کو سست کرانا	3 سال تک قیدِ بامشقت یا 60 لاکھ روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں
462 L	زرعی صارفین کی جانب سے ٹیمپرنگ کر کے بجلی کے میٹر کو سست کرانا	2 سال تک قیدِ بامشقت یا 25 لاکھ روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں
462 M	بجلی کی ٹرانسمشن و ڈسٹری بیوشن لائنوں اور میٹرز کو توڑنا یا نقصان پہنچانا	7 سال قیدِ بامشقت مع کم از کم 30 لاکھ روپے جرمانہ

وزارت پانی و بجلی
حکومت پاکستان

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

میپکو میٹ ملتان

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

مدیر اعلیٰ:
محمد نعیم اللہ
ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن

مدیر:
جمشید عالم نیازی
ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز

جلد نمبر 07 | شمارہ 02 | نومبر 2016 | کل صفحات 18

اس شمارے میں

وفاقی وزیر پانی و بجلی کا تقریب سے خطاب	02
تعارف جناب انجینئر مسعود صلاح الدین	
وزیر مملکت پانی و بجلی کی میڈیا سے گفتگو	03
اجلاس میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز	04
ریٹائرمنٹ تقریب سابق میپکو چیف	05
میپکو چیف کا سکندر آباد سب ڈویژن کا دورہ	06
اجلاس ای آر پی کنسلٹنٹ	07
میپکو چیف کا اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب	08
میپکو چیف کا ترقی پانے والے افسران سے خطاب	09
میپکو چیف کا ملتان سرکل کا دورہ	10
ایس ایز کانفرنس	11
ریٹائرمنٹ تقریب چیف انجینئر ملک سعید احمد	12
اجلاس سٹیئرنگ کمیٹی میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز	13
ریٹائرمنٹ تقریب ایڈیشنل چیف انجینئر ایم اینڈ ٹی	14
ریٹائرمنٹ تقریب	15
پروموشن/اپ گریڈیشن	16
سپورٹس کارنر	17
مضمون (آنکھوں کی حفاظت کے چند مفید مشورے)	18

عرضِ مدیر

بجلی چوری کے خلاف مہم میں صارفین کا کردار

وزارت پانی و بجلی جہاں ملک میں لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لئے بجلی کے پیداواری منصوبوں کی جلد از جلد تکمیل کے لئے کوشاں ہے وہاں پاور سیکٹر کے دیگر مسائل کے حل کے لئے بھی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ ملک میں بجلی کی چوری اور غیر کفایتی استعمال بھی اک سنگین مسئلہ ہے۔ غیر کفایتی استعمال کی روک تھام کے لئے صارفین میں بجلی کی بچت کے شعور کو اجاگر کرنے کے لئے وزارت پانی و بجلی اور اس کی رہنمائی میں ڈسٹری بیوشن کمپنیز مسلسل آگاہی مہم چلاتی رہی ہیں جس میں کمپنیوں کے شعبہ تعلقات عامہ نے موثر کردار ادا کیا جیسے ملک میں انرجی سیور بلبوں کے استعمال میں اضافہ میں ان شعبوں کا اہم کردار ہے۔

بجلی کی چوری اک نہایت سنجیدہ مسئلہ ہے جس میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کا کردار نہایت اہمیت رکھتا ہے۔ میپکو بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف سب ڈویژن سے لیکر ہیڈ کوارٹر کی سطح تک ٹیمیں بنا کر کاروائی کرتی ہے اور بلا مبالغہ لاکھوں افراد اس قبیح فعل میں مرتکب پائے جاتے ہیں۔ حکومت نے بجلی چوری کی روک تھام کے لئے اک آرڈی نینس کے ذریعے مختلف سزائیں اور جرمانے عائد کرنے کا قانون بھی پاس کیا ہے جس کے تحت ملک بھر میں کاروائیاں جاری ہیں۔

میپکو نے رواں مالی سال کے آغاز سے ہی بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف بڑے پیمانے پر کاروائی شروع کی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے چارج سنبھالتے ہی اس مہم کو مزید بھرپور اور موثر انداز میں جاری رکھنے کی ہدایت کی جس کے نتیجے میں ایک لاکھ 91 ہزار 776 افراد کو پکڑا جا چکا ہے۔ 38 کروڑ روپے کے جرمانے عائد کئے اور 779 افراد کے خلاف مقدمات کے اندراج کے لئے درخواستیں دی گئی ہیں جبکہ 20 کروڑ روپے سے زائد رقم وصول کر کے محکمہ کے خزانے میں جمع کروائی گئی ہے۔ دیکھا جائے تو یہ صرف میپکو یا وزارت پانی و بجلی کا نقصان نہیں۔ یہ ملک کے ہر اس شہری کا نقصان ہے جو ایمانداری سے بجلی استعمال کر کے بل باقاعدگی سے ادا کر رہا ہے۔ ہر بجلی چور اس ایماندار صارف کے حق پر ڈاکہ ڈال رہا ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ صارفین اپنے حصے کی بجلی چوری سے استعمال کرنے والے کو روکنے کے لئے سامنے آئیں اور میپکو کا ساتھ دیں۔ اپنے اردگرد ایسے افراد جو بجلی چوری میں ملوث ہوں ان کی اطلاع میپکو کو دیں تا کہ ان کے خلاف کاروائی کی جا سکے اور ایمانداری سے بل ادا کرنے والوں کو بجلی کی بلا تعطل فراہمی ممکن ہو سکے۔ اس کے ساتھ قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی میپکو کی رپورٹ پر بھرپور، موثر اور بروقت کاروائی کریں تا کہ قومی ادارے مسلسل نقصان سے محفوظ رہ سکیں۔

فوٹوگرافی: جواد احمد
ڈیزائننگ: ریحان محمود قادری
پرنٹر: ایس حیدر پرنٹرز ملتان
ویب ایڈیشن: خرم جاوید

شعبہ تعلقات عامہ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی خانیوال روڈ ملتان سے شائع کیا گیا

www.mepco.com.pk
For Con: 061-9220062
MEPCO TODAY
For Feedback:
dmprmepco@gmail.com

وفاقی وزیر پانی وبجلی خواجہ محمد آصف ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے تعاون سے سنٹرل ایشیاء ریجنل اکنامک کارپوریشن کے زیر اہتمام پہلے انویسٹمنٹ فورم کے افتتاحی سیشن سے خطاب کر رہے ہیں۔

حکومت ملک میں بجلی کی قلت پر قابو پانے کے لئے کثیر الجہتی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے

خواجہ محمد آصف وفاقی وزیر پانی وبجلی

وفاقی وزیر پانی وبجلی خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ حکومت کی پالیسیوں کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ 2013ء میں شروع ہونے والے منصوبے اب تکمیل کے قریب ہیں، قوم کو 2018ء میں لوڈشیڈنگ سے نجات مل جائے گی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے پر یقین رکھتی ہے اور ان کے منصوبوں کی تکمیل کے دوران کوئی رکاوٹ ڈالنا یا تاخیر نہیں کرنا چاہتی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ملک میں بجلی کی قلت پر قابو پانے کے لئے کثیر الجہتی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی حکومت کے اقتدار سنبھالنے سے قبل ملک میں 18 سے 20 گھنٹے لوڈشیڈنگ ہوتی تھی لیکن اب ملک میں توانائی کے کئی منصوبوں کے شروع ہونے کے بعد لوڈشیڈنگ میں نمایاں کمی آئی ہے اور یہ صرف 6 گھنٹے تک محدود ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ملک میں توانائی کی قلت پر قابو پانے کے لئے نجی شعبہ کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔ نجی شعبہ کے لئے طریق کار کو آسان بنایا گیا ہے اور انہیں اس شعبے میں سرمایہ کاری کے لئے پرکشش ترغیبات دی گئی ہیں۔ ملک میں توانائی کے شعبے میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری کے لئے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انڈی پینڈنٹ پاور پروڈیوسرز (آئی پی پیز) نے پاور سیکٹر میں 10 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے۔

میپکو کے نئے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب انجینئر مسعود صلاح الدین نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے نئے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب انجینئر مسعود صلاح الدین نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ انجینئر مسعود صلاح الدین نے انجینئرنگ یونیورسٹی ٹیکسلا سے ڈگری حاصل کی اور 1981ء میں واپڈا میں بطور جونیئر انجینئر شمولیت اختیار کی۔ انہوں نے دوران سروس جنریشن، ڈسٹری بیوشن، ٹرانسمیشن کے تقریباً شعبوں میں خدمات سرانجام دی ہیں۔ انجینئر مسعود صلاح الدین نے سعودی عرب میں مدینہ منورہ ڈسٹری بیوشن کمپنی کے چیف آف ڈسٹری بیوشن کے عہدے پر بھی خدمات سرانجام دی ہیں۔ میپکو میں تعیناتی سے قبل وہ بطور جنرل منیجر آپریشن فیسکو (فیصل آباد) میں خدمات سرانجام دے رہے تھے۔

حکومت 2018 تک ملک سے لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لئے پرعزم ہے

چوہدری عابد شیر علی
وفاقی وزیر مملکت برائے پانی و بجلی

دیامیر بھاشا اور نیلم جہلم کے مکمل ہونے سے مستقبل میں سستی ہائیڈل بجلی میسر آئے گی۔ جس سے صارفین کو براہ راست فائدہ ہوگا اور ملک میں بجلی کی قیمتیں کم ہو جائیں گی۔

کیمرہ ریڈنگ اور بلوں پر ریڈنگ کی تصاویر سے اوور بلنگ کی شکایت ختم ہوگئی ہیں۔

وفاقی وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی نے کہا ہے کہ حکومت 2018 تک ملک سے لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لئے پرعزم ہے۔ 10 ہزار میگاواٹ بجلی سسٹم میں شامل کریں گے جس سے ملک سے اندھیرے ختم ہو جائیں گے وہ ملتان میں میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صرف بجلی پیداوار پر توجہ نہیں دے رہی بلکہ ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن سسٹم کی خامیوں کو دور کرنے اور ان کی استعداد بڑھانے کے منصوبوں کے لئے بھی سرمایہ فراہم کر رہی ہے تاکہ صارفین کو بجلی کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ تمام ڈسکوز کو بجلی چوری کے خلاف مہم چلانے کی سخت ہدایات جاری کی گئی ہیں اور بجلی چوروں کے خلاف نئے آرڈیننس کے تحت مقدمات کے اندراج کے احکامات دئے گئے ہیں تاکہ اس قبیح فعل کا ارتکاب کرنے والوں کو قرار واقعی سزا ملے۔

وزیر مملکت پانی و بجلی عابد شیر علی
ملتان میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

چوہدری عابد شیر علی نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان جناب میاں محمد نواز شریف پاور سیکٹر کی بحالی کے لئے پرعزم ہیں اور اس شعبے کو منافع بخش بنانا چاہتے ہیں ملک میں سی پیک کا منصوبہ جاری ہے جس سے صنعتی طور پر سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور روزگار ملے گا جس کے لئے وافر بجلی کی ضرورت ہوگی۔ حکومت چین کے ساتھ مل کر کئی ارب ڈالر کے بجلی کے منصوبوں کی جلد از جلد تکمیل کے لئے سرگرم ہے۔ دیامیر بھاشا اور نیلم جہلم کے مکمل ہونے سے مستقبل میں سستی ہائیڈل بجلی میسر آئے گی۔ جس سے صارفین کو براہ راست فائدہ ہوگا اور ملک میں بجلی کی قیمتیں کم ہو جائیں گی۔ عابد شیر علی نے کہا کہ دیامیر بھاشا سے 4500 کوہالہ سے 700 کروٹ سے 700 اور تربیلا توسیع منصوبہ سے 1320 میگاواٹ بجلی ملے گی انہوں نے کہا کہ میپکو میں گرڈ اسٹیشنوں اور 11 کے وی فیڈرز کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے اور نئے فیڈرز بجلی لگائے جا رہے ہیں۔ صارفین کی اوور بلنگ

ہائیڈل بجلی کی پیداوار بڑھنے پر بجلی کی قیمتوں میں لازمی کمی آئے گی۔

کی شکایت ختم کرنے کے لئے کیمرہ ریڈنگ شروع کی گئی اب تقریباً تمام بلوں پر صارف کی موجودہ ریڈنگ کی تصویر شائع کی جا رہی ہیں اس سے اوور بلنگ کی شکایت بالکل ختم ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا صارفین بجلی چوری کرنے والے افراد کی اطلاع میپکو حکام کو دیں تاکہ چوری کی بجلی سے بل ادا کرنے والے صارفین کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو انعام جبکہ ٹارگٹ کے حصول میں ناکامی افسران ملازمین کے خلاف سخت کا ائی کی جائے گی

صارفین کو سہولیات کی فراہمی کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائیگا

راجن سلطان پیرزادہ
چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز

اجلاس میں ملازمین کی فلاح و بہبود، ڈسٹری بیوشن سسٹم کی اپ گریڈیشن اور صارفین کی سہولیات کے لئے مختلف اقدامات و منصوبوں کی منظوری دی گئی

100KVA کے ایک ہزار ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز، 5 ہزار کلومیٹر ریبٹ کنڈکٹر، 9 ہزار ایچ ٹی سپن پولز، 18 ہزار ایل ٹی سپن پولز کی خریداری کی منظوری

بہاولپور میں قائم ہونے والی نئی ٹرانسفارمرز ری کلیمیشن ورکشاپس میں ڈیلی ویجز پر نئی بھرتیاں کرنے کی بھی منظوری

چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز راجن سلطان پیرزادہ نے کہا ہے کہ ڈسٹری بیوشن سسٹم کی استعداد کار میں اضافہ کے لئے مختلف اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ صارفین کو سہولیات کی فراہمی کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائیگا۔ انہوں نے یہ بات میپکو ہیڈکوارٹر میں منعقدہ بورڈ کے 118 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین، بورڈ ڈائریکٹرز خالد مسعود خان، خواجہ محمد اعظم، زاہد پرویز مرل، میاں شاہد اقبال، ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ اور کمپنی سیکرٹری ساجد یعقوب انصاری نے شرکت کی۔ بورڈ ممبر جوائنٹ سیکرٹری ٹرانسمیشن وزارت پانی و بجلی ظفر عباس اور ایڈیشنل سیکرٹری وزارت فنانس محمد انور شیخ نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ملازمین کی فلاح و بہبود، ڈسٹری بیوشن سسٹم کی اپ گریڈیشن اور صارفین کی سہولیات کے لئے مختلف اقدامات و منصوبوں کی منظوری دی گئی ہے۔ بورڈ نے مالی سال 17-2016ء کے لئے 10 ارب 20 کروڑ روپے مالیت کے پروکیورمنٹ پلان کی منظوری دے دی ہے۔ بورڈ نے میسرز حمزہ شوگر ملز رحیم یار خان سے 2.5 میگاواٹ، میسرز انڈس شوگر ملز راجن پور سے 4 میگاواٹ، میسرز جمال دین والی شوگر ملز رحیم یار خان سے 7 میگاواٹ، میسرز تھل انڈسٹریز کارپوریشن لیہ سے 8 میگاواٹ اور میسرز اشرف شوگر ملز بہاولپور سے 5 . 4 میگاواٹ بجلی خریداری کے معاہدوں میں توسیع، 100KVA کے ایک ہزار ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز، 5 ہزار کلومیٹر ریبٹ کنڈکٹر، 9 ہزار ایچ ٹی سپن پولز، 18 ہزار ایل ٹی سپن پولز، 6 ہزار کلومیٹر آنٹ کنڈکٹر، 60 ہزار سٹیل کراس آرمز، 32 ہزار سٹے راڈز، 50 ہزار ڈسک انسولیٹرز اور 3 ہزار 800 کلومیٹر آسپرے کنڈکٹر کی خریداری کی منظوری دے دی ہے جبکہ بورڈ نے سروسز رولز 1966ء کے تحت اکاؤنٹس کیڈر، آڈٹ کیڈر، کمرشل کیڈر اور لائن سٹاف کے پے سکیلز (Pay Scales) اپ گریڈ کرنے، بنیادی سکیل 5 کے ملازمین کو پری میچور انکریمنٹ دینے، ڈرائنگ سٹاف کی اپ گریڈیشن اور بنیادی سکیل 17 میں اپ گریڈ ہونے والے تمام ملازمین کے عہدوں کے ساتھ ایڈیشنل اسسٹنٹ منیجر کے الفاظ استعمال کرنے اور وہاڑی، بہاولپور میں قائم ہونے والی نئی ٹرانسفارمرز ری کلیمیشن ورکشاپس میں ڈیلی ویجز پر نئی بھرتیاں کرنے کی منظوری بھی دی۔

چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز راجن سلطان پیرزادہ 118 ویں اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین اور بورڈ کے ارکان بھی شریک ہیں۔

افسران وملازمین کے تعاون سے میپکو کو ترقی کی نئی بلندیوں پر لے جائیں گے

انجینئر مسعود صلاح الدین
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

میپکو گزشتہ 16 ماہ کے دوران پورے ملک میں نمبر ون رہی۔ سابق چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر فضل اللہ درانی

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا ہے کہ ملک کی سب سے بڑی ڈسٹری بیوشن کمپنی کی قیادت میرے لئے باعث افتخار ہے۔ مجھے امید ہے کہ اس بھاری ذمہ داری سے عہدہ برا ہونے کے لئے مجھے میپکو کے افسران وملازمین کا تعاون حاصل رہے گا ۔وہ چارج سنبھالنے کے بعد میپکو ہیڈکوارٹر میں افسران کے تعارفی وخیر مقدمی اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ اچھے کام کرنے والے افسران وملازمین کو میری مکمل سپورٹ حاصل رہے گی۔میپکو میں مزید بہتر کام کرنے کی صلاحیت موجود ہے اور ہم کوشش کریں گے کہ اچھے نتائج دیئے جائیں اور خود کو وزارت پانی وبجلی کا ہم پر کئے گئے اعتماد کا اہل ثابت کریں۔ریٹائر ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر فضل اللہ درانی نے کہا کہ مسعود صلاح الدین میرے یونیورسٹی دور کے ساتھی ہیں اور اس وقت سے ہم ان کی قائدانہ صلاحیتوں کے معترف ہیں۔وہ ایماندار، محنتی اور کام کرنے کی لگن رکھنے والے آفیسر ہیں جن کا نام نہایت احترام سے پاور سیکٹر میں لیا جاتا ہے۔یہ میپکو افسران وملازمین کی خوش نصیبی ہے کہ انہیں مسعود صلاح الدین جیسا افسر ملا ہے۔انہوں نے کہا کہ میپکو کے ملازمین اور افسران کسی سے کم نہیں ہیں۔میپکو گزشتہ دو سال کے دوران تقریباً 16 ماہ پورے ملک میں نتائج کے اعتبار نمبر ون رہی ہے۔یہ سب اس کے ملازمین کی محنت سے ممکن ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ میں یقین دلاتا ہوں کہ پوری میپکو نئے چیف کے دست وبازو بن کر محنت کرے گی۔اجلاس میں موجود تمام میپکو آفیسرز نے نئے چیف کا خیر مقدم کیا اور ان کی آمد پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں۔اجلاس میں ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر آپریشن شاہد حمید چوہان، چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، چیف انجینئر او اینڈ ایم سرفراز احمد ہراج، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ ملک سعید وینس، چیف انجینئر پلاننگ کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان، ڈپٹی ڈائریکٹر انٹیلی جنس میجر فیاض احمد خان، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آئی ایس میاں ندیم احمد، ایڈیشنل چیف انجینئر سول جبار احمد، ایڈیشنل فنانس ڈائریکٹر (پی ایم یو) میاں انصار احمد، منیجر ایڈمن جلیل الرحمٰن، منیجر ایچ آر ایم لیاقت میمن، سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل محمد اکرم بھٹی، پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن عبدالاحد، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی محمد عمر لودھی، منیجر پروکیورمنٹ ظفر بھٹی، منیجر جی ایس او ملتان سرکل خالد جاوید خان، منیجر ٹیرف ناصر رشید، منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس جہانگیر بھٹہ، عرفان اللہ، منیجر ایم اینڈ ایس اقبال احمد شیخ، منیجر ایم ایم جاوید اقبال، رانا عبدالستار، منیجر ریجنل سٹور ملتان اصغر ہاشمی، ایڈیشنل منیجر او اینڈ ایم خالد نذیر، ایڈیشنل منیجر ریجنل سرویلنس عبدالجبار، ایڈیشنل منیجر پلاننگ مدثر شاہ، ڈپٹی منیجر لیگل ملک امیر عباس سامٹیہ، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی اور ڈپٹی کمرشل منیجر میپکو ہیڈکوارٹر فرخ مشتاق موجود تھے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین اور ریٹائر ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر فضل اللہ درانی تقریب سے خطاب کررہے ہیں۔

آپریشن سب ڈویژن کے مسائل کا حل اور وسائل کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے

انجینئر مسعود صلاح الدین
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

چیف ایگزیکٹو آفیسر کا سکندر آباد سب ڈویژن کے شکایت سنٹر کا دورہ

132KV شجاع آباد گرڈ اسٹیشن میں 40 ایم وی اے کے نئے پاور ٹرانسفارمر کی تنصیب کے کام کی رفتار کا جائزہ

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا ہے کہ سب ڈویژن ہمارا بنیادی یونٹ ہے اس کے مسائل کا حل اور وسائل کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ یہ بات انہوں نے سکندر آباد سب ڈویژن شجاع آباد کے دورے کے موقع پر کہی۔ انہوں نے کہا کہ شکایات مراکز ہمارا چہرہ ہیں اور انہی سے ہمارا تاثر عوام میں بنتا اور بگڑتا ہے یہاں آنے والے صارفین کے ساتھ اعلیٰ اخلاق اور ہمدردی کا مظاہرہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملتان سرکل کی تمام سب ڈویژنیں فوری طور پر اپنے ہائی لاس فیڈرز کی دو دو ہائی ٹینشن پروپوزلز تیار کریں تا کہ صارفین کو بلا تعطل اور بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی ممکن ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین سکندر آباد سب ڈویژن کے دورے کے موقع پر شکایات رجسٹر چیک کر رہے ہیں۔

200 کے وی اے کے اوور لوڈ ٹرانسفارمرز کے ساتھ مزید ٹرانسفارمرز لگائے جائیں۔ 200 کے وی اے کے ٹرانسفارمر کا جلنا کسی صورت برداشت نہیں، جلنے کی صورت میں اس کی قیمت متعلقہ ایس ڈی او اور لائن سپریٹنڈنٹ سے وصول کی جائے گی۔ انہوں نے سکندر آباد آپریشن سب ڈویژن کے خراب 1800 میٹروں کی فوری تبدیلی کا حکم دیا اور ہدایت کی کہ اترنے والے میٹروں کو ایم اینڈ ٹی سے چیک کرایا جائے۔ انہوں نے سب ڈویژن سٹاف کو حفاظتی آلات و سامان اور دیگر ضروری سامان فوری طور پر فراہم کرنے کا حکم دیا۔ بعد ازاں انہوں نے شجاع آباد ڈویژن کے سٹاف سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لائن سٹاف ہمارے سپاہی ہیں۔ یہ اک عظیم ادارے کے نمائندے ہیں لہذا ان پر بھاری ذمہ داری ہے کہ وہ دل جمعی اور ایمانداری سے فرائض سرانجام دیں تا کہ صارفین میں میپکو کا تاثر مزید بہتر ہو سکے۔ اس موقع پر لیبر یونین کے رہنما محبوب احمد بھٹہ نے کہا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر کے اقدامات اور اعلانات نے ہمارے دل جیت لئے ہیں ہم یقین دلاتے ہیں کہ کمپنی کے مفاد کے لئے پوری استعداد سے کام کریں گے۔ ہم خوش نصیب ہیں کہ ہمیں ایسا شفیق اور تجربہ کار افسر میسر آیا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے سکندر آباد سب ڈویژن کے شکایت سنٹر کا دورہ بھی کیا اور شکایات کے ازالہ کی رفتار کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر نے 132KV شجاع آباد گرڈ اسٹیشن کا دورہ بھی کیا اور وہاں 40 ایم



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین 132KV شجاع آباد گرڈ اسٹیشن میں پاور ٹرانسفارمر کی تنصیب کا جائزہ لے رہے ہیں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین شجاع آباد ڈویژن کے دورے کے موقع پر ملازمین کے اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں۔

وی اے کے نئے پاور ٹرانسفارمر کی تنصیب کے کام کی رفتار کا جائزہ لیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے گرڈ اسٹیشن پر فوری طور پر سول ورکس کرانے کی ہدایت کی اور گرڈ اسٹیشن کے انچارج ایس ایس او فرسٹ منیر احمد کو محکمانہ پروسیجرز پر عملدرآمد پر شاباش دی۔ اس موقع پر چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، سپرنٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل محمد اکرم بھٹی، ڈپٹی کمرشل منیجر میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان فرخ مشتاق، ڈپٹی کمرشل منیجر میپکو ملتان سرکل اسد حماد، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، ڈپٹی منیجر ٹیکنیکل علی اکبر گجر، ایگزیکٹو انجینئر میپکو شجاع آباد ڈویژن رانا محمد تنویر، ایکسین ایم اینڈ ٹی ملتان ارشد منیر ڈاہا، ایکسین کنسٹرکشن ڈویژن ملتان سیف اللہ کلیم اور ایس ڈی او سکندر آباد سب ڈویژن محمد بلال بھی موجود تھے۔

رواں سال کے آخر تک انٹر پرائزز ریسورس پلاننگ (ای آر پی) کا پراجیکٹ مکمّل کر لیا جائے

مسعود صلاح الدین
چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر

پراجیکٹ پر کام کرنے والے ملازمین کی حوصلہ افزائی کے لئے اضافی الاؤنسز بھی دیئے جائیں گے۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے مختلف شعبوں میں رواں سال کے آخر تک انٹر پرائزز ریسورس پلاننگ (ای آر پی) کا پراجیکٹ مکمّل کر لیا جائے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے یہ ہدایات ای آر پی کنسلٹنٹ کے ساتھ اجلاس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہماری اولین ترجیح کارپوریٹ کلچر کی جدید ٹیکنالوجیز کو اپنا کر میپکو کی کارکردگی کو بہتر بنانا ہے اور کمپنی کے ملازمین کو کام کرنے کا بہترین ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پراجیکٹ پر کام کرنے والے ملازمین کی حوصلہ افزائی کے لئے اضافی الاؤنسز بھی دیئے جائیں گے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کنسلٹنٹ کمپنی کے نمائندگان کو ہدایت کی کہ پراجیکٹ پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے اور تکنیکی خامیوں پر قابو پایا جائے تاکہ دسمبر 2016ء میں اس منصوبے کو مکمّل کر کے شعبوں کو اس سسٹم سے جوڑ دیا جائے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین میپکو ہیڈ کوارٹر میں ای آر پی کنسلٹنٹ کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

ای آر پی کے پائلٹ پراجیکٹ میں میپکو کے شعبہ میٹریل مینجمنٹ، پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ، سول ورکس، میٹریل مینجمنٹ پروکیورمنٹ، ریجنل و فیلڈ سٹورز، ایس ایس اینڈ ٹی ڈویژنز، انفارمیشن سسٹم، 132KV ویئر ہاؤس کے شعبے شامل ہیں۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل ایچ آر میپکو محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر پلاننگ کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان، ڈائریکٹر فنانس امتیاز احمد جگری، ایڈیشنل ڈی جی آئی ایس میاں ندیم احمد، منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس جہانگیر بھٹہ، ڈپٹی منیجر ایچ آر ایم وقاص مسعود امجد چغتائی، منیجر ایم ایم میاں جاوید، انچارج ایچ آر ڈیٹا سیل طاہر مفتی اور دیگر افسران نے شرکت کی۔

ڈسٹری بیوشن سسٹم کی بحالی اور استعداد میں اضافے کے منصوبے جلد از جلد مکمل کئے جائیں

انجینئر مسعود صلاح الدین
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

میپکو کا شعبہ ایم آئی ایس جدید ترین خطوط پر کام کر رہا ہے۔ محمود احمد خان

چیف انجینئر کسٹمر سروسز

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا ہے کہ ڈسٹری بیوشن سسٹم کی بحالی اور استعداد میں اضافے کے منصوبے جلد از جلد مکمل کئے جائیں تاکہ آئندہ موسم گرما میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ واسا سمیت سرکاری نادہندہ اداروں کو واجبات/بقایاجات کی ادائیگی کے حتمی نوٹسز دیئے جائیں، عدم ادائیگی پر سخت کاروائی کی جائے گی۔ وہ میپکو ہیڈکوارٹر میں مختلف شعبوں کے اعلیٰ افسران کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے جس میں کسٹمر سروسز ڈائریکٹوریٹ کے تحت کام کرنے والے شعبوں نے انہیں اپنی کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ میپکو نے اپنے اے ٹی اینڈ سی (AT&C) لاسز میں کمی کی ہے۔ ریکوری اور ڈسٹری بیوشن لاسز کی شرح اطمینان بخش ہے تاہم ہم مزید محنت کر رہے ہیں۔ میپکو کا شعبہ ایم آئی ایس جدید ترین خطوط پر کام کر رہا ہے، 40 ہزار اے ایم آر میٹرز پورے ملک میں صرف میپکو میں کامیابی سے کام کر رہے ہیں اور ان کے مطابق بلنگ بھی کی جارہی ہے۔ میپکو نے جدید ترین سافٹ ویئر اوریکل (Oracle) کو بھی کامیابی سے اپنالیا ہے۔ انہوں نے شعبہ ایم اینڈ ٹی سے متعلق بریفنگ بھی چیف ایگزیکٹو آفیسر کو پیش کی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کسٹمر سروسز ڈائریکٹوریٹ کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ میپکو ملک بھر کی ڈسکوز سے نئی ٹیکنالوجی کے استعمال میں آگے ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے اس موقع پر کہا کہ ملازمین کی فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیح ہے۔ فوری طور پر تمام اپ گریڈیشن اور پروموشن بورڈ منعقد کئے جائیں۔ سروس میں ترقی ملازمین میں کام کرنے کے جذبے کو ابھارتی ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے میپکو میں ای آر پی پراجیکٹ کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی اور تمام افسران کو ای میل کلچر سے ہم آہنگ کرنے کے لئے فوری اقدامات اٹھانے کا حکم دیا۔ انہوں نے ایم آئی ایس کے لئے گاڑیاں اور سامان کے لئے سٹور کی فوری تعمیر کے احکامات جاری کئے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر آپریشن شاہد حمید چوہان، چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، چیف انجینئر او اینڈ ایم سرفراز احمد ہراج، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ ملک سعید وینس، چیف انجینئر پلاننگ کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان، فنانس ڈائریکٹر امتیاز احمد جگری، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آئی ایس میاں ندیم احمد، پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن عبدالاحمد، منیجر ایم اینڈ ٹی عبدالغنی، کمپنی سیکرٹری ساجد یعقوب انصاری، منیجر کمرشل میاں رحمت اللہ، منیجر ٹیرف ناصر رشید، منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس جہانگیر بھٹہ، منیجر میٹریل مینجمنٹ رانا عبدالستار، ایڈیشنل منیجر ریجنل سروے لنس عبدالجبار، ڈپٹی منیجر کمپیوٹر قیصر نقوی، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی اور ڈپٹی کمرشل منیجر میپکو ہیڈکوارٹر فرخ مشتاق موجود تھے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین میپکو ہیڈکوارٹر میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

ملازمت میں ترقی اور تبادلہ قدرت کا انعام اور رزق میں کشادگی کا باعث ہے

انجینئر مسعود صلاح الدین چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

ملازمت میں ترقی اور تبادلہ قدرت کا انعام ہے اور رزق میں کشادگی کا باعث ہے۔ یہ بات چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے ایکسین سے ایس ای کے عہدہ پر ترقی پانے والے افسران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پیپکو اتھارٹی کے احکامات کی روشنی میں 8 سپریٹنڈنگ انجینئرز کی تعیناتی میپکو سے باہر ہوئی ہے۔ یہ افسران ان کمپنیوں میں میپکو کے نمائندے ہیں۔ امید ہے یہ اپنی بہترین صلاحیتوں اور کام کے جذبے سے خود کو وہاں منوائیں گے۔ ترقی پاکر میپکو میں تعینات ہونے والے افسر سخت جدوجہد اور محنت کے لئے خود کو تیار کرلیں۔ میپکو سے سکھر الیکٹرک سپلائی کمپنی (سیپکو)

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین میپکو ہیڈ کوارٹر میں ایکسین سے ایس ای عہدے پر ترقی پانے والے افسران کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔

تعینات ہونے والے افسران محمد سلیم تونسوی، عبدالاحد، عبدالرحمٰن، رانا عبدالستار، محمد اقبال جوئیہ نے کہا کہ انہوں نے 29 سال کی سروس میپکو میں کی ہے اور یہاں بہت کچھ سیکھا ہے۔ میپکو انہیں ہمیشہ یاد رہے گی اور یہاں پر حاصل کیا گیا تجربہ وہاں استعمال کریں گے اور میپکو کا نام روشن کریں گے۔ انہوں نے میپکو انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا کہ پہلی بار اس طرح ٹرانسفر ہونے والوں کی حوصلہ افزائی کرکے رخصت کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو محمد نعیم اللہ، چیف انجینئرز محمود احمد خان، شاہد حمید چوہان، سرفراز احمد ہراج، ملک سعید وینس نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پروموٹ ہونے والے تمام افسران نہایت قابل اور مستند افسران ہیں جو اپنے اپنے شعبے میں ماہر ہیں ان کے جانے سے پیدا ہونے والا خلاء بڑی دیر بعد پُر ہوگا۔ انہوں نے تمام افسران کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اجلاس میں چیف انجینئر پلاننگ کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آئی ایس میاں ندیم احمد، ایڈیشنل ڈائریکٹر فنانس میاں انصار احمد، ڈائریکٹر کمرشل میاں رحمت اللہ، ڈائریکٹر ٹرانسپورٹ اینڈ سیکیورٹی میجر (ر) فرخ جاوید گھمن، منیجر ایچ آر ایم لیاقت علی میمن، منیجر ایڈمن جلیل الرحمٰن، سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل محمد اکرم بھٹی، ڈپٹی منیجر لیگل ملک امیر عباس سامٹیہ، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی اور سٹاف آفیسر کامران ظہور نے شرکت کی۔

صارفین کی شکایات کا ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے

انجینئر مسعود صلاح الدین
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

صحیح کام کرنا لائن مین سے لیکر ایس ڈی او تک سب کی ذمہ داری ہے۔

وولٹیج کی کمی دور کرنے اور لائن لاسز کی شرح میں مزید کمی کے لئے فیڈرز کی بائفرکیشن شروع کی جارہی ہے۔

سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل محمد اکرم بھٹّی کی بریفنگ

چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا ہے کہ صارفین کی شکایات کا ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ ہمارا بنیادی کام صارفین کی خدمت کرنا ہے۔ افسران ایمانداری کے ساتھ صارفین کی جتنی خدمت کریں گے انہیں اتنا ہی انعام ملے گا۔ وہ ملتان سرکل کے دورے کے موقع پر افسران سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اوور بلنگ اور تاخیر سے ریڈنگ ناقابل برداشت ہے اوور بلنگ کی شکایات پر متعلّقہ آپریشن افسر سے کوئی رعایت نہیں برتی جائیگی انہیں فوری طور پر فارغ کردیں گے۔ ایگزیکٹو انجینئرز ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیں۔ اچھی کارکردگی کے حامل افسران اور ملازمین کو انعامات سے نوازا جائیگا جبکہ نااہل افسران وملازمین کی محکمہ میں کوئی جگہ نہیں ان کے خلاف سخت تادیبی کاروائی کی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ نادہندہ سرکاری اور پرائیویٹ صارفین سے واجبات اور بقایاجات وصول کرنے کے لئے ہر ممکن جدوجہد کریں اور میٹر ریڈنگ کی بلوں پر تصاویر کی شرح کے 100 فیصد اہداف حاصل کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ صحیح کام کرنا لائن مین سے لیکر ایس ڈی او تک سب کی ذمہ داری ہے۔ انجینئرز نااہل ملازمین کی نشاندہی کریں ان کے خلاف انتظامیہ ایکشن لے گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے میپکو شجاع آباد ڈویژن کی کارکردگی پر تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ لائن لاسز اور ریکوری کی صورتحال ابتر ہے۔ وہاں کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل محمد اکرم بھٹّی کو ہدایت کی کہ شجاع آباد ڈویژن پر خصوصی توجہ دیں اور مانیٹرنگ کریں۔ سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل محمد اکرم بھٹّی نے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ وولٹیج کی کمی دور کرنے اور لائن لاسز کی شرح میں مزید کمی کے لئے فیڈرز کی بائفرکیشن شروع کی جارہی ہے۔ کمبنگ بھی کی جارہی ہے جہاں میٹریل درکار ہے وہاں میٹرز اور تاریں بھی فراہم کی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ امیج آڈٹ رپورٹ کے مطابق اکتوبر 2016ء میں ملتان سرکل میں بلوں پر تصاویر کی شرح 97 فیصد رہی ہے۔ اجلاس میں چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، چیف انجینئر آپریشن شاہد حمید چوہان، ڈپٹی کمرشل منیجر ملتان سرکل اسد حماد، ڈپٹی منیجر ٹیکنیکل علی اکرم گجر، ایکسین کینٹ ڈویژن جاوید اقبال وینس، ایکسین سٹی ڈویژن امجد نواز بھٹّی، ایکسین ممتاز آباد ڈویژن ملک مشتاق اٹھنگل، ایکسین شاہ رکن عالم ڈویژن محمد اقبال پہوڑ اور ایکسین موسیٰ پاک ڈویژن ملک عارف وینس موجود تھے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین ملتان سرکل کے دورے کے موقع پر افسران سے خطاب کررہے ہیں۔ چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، چیف انجینئر شاہد حمید چوہان اور ایس ای ملتان سرکل محمد اکرم بھٹّی بھی موجود ہیں۔

سفارش کے بل بوتے پر نااہل اور کام چور افسران وملازمین اب محکمہ میں نہیں رہ سکیں گے

انجینئر مسعود صلاح الدین
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

گھریلو، کمرشل، ٹیوب ویل اور صنعتی صارفین سے ریکوری کے سو فیصد اہداف حاصل کئے جائیں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا ہے کہ کمپنی میں سفارشی کلچر کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا۔ سفارش کے بل بوتے پر نااہل اور کام چور افسران وملازمین اب محکمہ میں نہیں رہ سکیں گے۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں مظفرگڑھ، خانیوال، بہاولپور، بہاولنگر، رحیم یار خان، ساہیوال اور وہاڑی سرکلوں کے افسران کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے جس میں چاروں سرکلوں کے سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایگزیکٹو انجینئرز، ڈپٹی کمرشل منیجرز اور ڈپٹی منیجرز ٹیکنیکل نے شرکت کی۔ انہوں نے سپرنٹنڈنگ انجینئرز کو ہدایت کی کہ سب ڈویژنل افسران کو فیلڈ میں نکالیں۔ بجلی چوری پکڑیں اور سسٹم کی بہتری کے لئے کام کریں۔ اوورلوڈنگ کی وجہ سے اگر کوئی ڈسٹری بیوشن متعلقہ ایس ڈی او اور لائن جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ استعمال میں لائیں۔ ہمارا اصل شکایات کے ازالے پر توجہ دیں پرمیٹر ریڈنگ کی واضح تصاویر کے حاصل کریں۔ کام نہ کرنے

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین میپکو ہیڈ کوارٹر میں آپریشن سرکلوں کے افسران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

ٹرانسفارمر جلا تو اس کی قیمت سپرنٹنڈنٹ سے وصول کی انجینئرز اپنی صلاحیتوں کو کام صارفین کی خدمت ہے۔ لائن لاسز، ریکوری، بجلی بلوں مقرر کردہ اہداف ہر صورت والے افسران وملازمین کی رپورٹ کریں انہیں فوری طور پر عہدوں سے ہٹا دیا جائیگا۔ انہوں نے میپکو علی پور ڈویژن کی کارکردگی پر تشویش کا اظہار کیا اور ایس ای مظفرگڑھ سرکل عطاء اللہ بھٹہ کو ہدایت کی کہ وہ خود ڈویژن میں جا کر معاملات ٹھیک کریں اور روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کریں، اسکی رپورٹ اتھارٹی کو پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہائی لاس فیڈرز پر نقصانات کی شرح میں مزید کمی کے لئے ٹھوس اقدامات کریں۔ گھریلو، کمرشل، ٹیوب ویل اور صنعتی صارفین سے ریکوری کے سو فیصد اہداف حاصل کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہائی لاس فیڈرز کی تکنیکی بنیادوں پر دوبارہ سٹڈی کی جائے اور وجوہات اور ان کو دور کرنے کی تجاویز فراہم کی جائیں تاکہ ان فیڈرز پر لاس کم کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے تمام آپریشن ڈویژنوں کے ایگزیکٹو انجینئرز کو ہدایت کی کہ وہ خود فیڈرز کی پٹرولنگ کر کے تجاویز تیار کریں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ مخصوص علاقوں میں امن وامان کی خراب صورتحال کو جواز بنا کر بجلی چوروں کو کھلی چھوٹ نہیں دے سکتے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تعاون سے ان علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن کریں گے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے چاروں آپریشن سرکلوں میں میٹر کی تصاویر بلوں پر اشاعت کی شرح 100 فیصد پر لانے کی ہدایت جاری کیں۔ اجلاس میں چیف انجینئر سسٹم سروسز محمود احمد خان، چیف انجینئر پلاننگ کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان، چیف انجینئر آپریشن شاہد حمید چوہان، چیف انجینئر او اینڈ ایم سرفراز احمد ہراج، ڈپٹی ڈائریکٹر انٹیلی جنس میجر فیاض احمد، ایڈیشنل ڈی جی آئی ایس میاں ندیم احمد اور ڈائریکٹر کمرشل میاں رحمت اللہ نے شرکت کی۔

چیف انجینئر ڈویلپمنٹ انجینئر ملک سعید احمد وینس اپنی سروس سے ریٹائر ہوگئے۔

ایک محکمہ میں برسوں ساتھ کام کرکے کسی کو الوداع کہنا اداس کر دیتا ہے

محمد نعیم اللہ
ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو

ملک سعید احمد وینس واپڈا کے ان افسران میں سے ہیں جن میں واپڈا کی درخشاں روایات اور اقدار کی جھلک آج بھی موجود ہیں۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے چیف انجینئر ڈویلپمنٹ انجینئر ملک سعید احمد وینس 20 اکتوبر کو اپنی سروس سے ریٹائر ہوگئے۔ انہوں نے 35 سال میپکو اور واپڈا کے مختلف شعبوں میں خدمات سرانجام دیں۔ میپکو ہیڈ کوارٹر میں ان کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو محمد نعیم اللہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک سعید احمد وینس واپڈا کے ان افسران میں سے ہیں جن میں واپڈا کی درخشاں روایات اور اقدار کی جھلک آج بھی موجود ہیں۔ وہ اپنے کام کے لئے اپنی زندگی وقف کرنے والے افسران میں سے ایک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک محکمہ

ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر زشاہد حمید چوہان، سرفراز احمد خان، ڈائریکٹر فنانس امتیاز احمد جگری ریٹائر ہونے والے چیف انجینئر ملک سعید احمد کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

میں برسوں ساتھ کام کرکے کسی کو الوداع کہنا اداس کر دیتا ہے۔ ہم فیملی سے زیادہ وقت دفتر میں گزارتے ہیں جب ان لوگوں سے جدا ہونا پڑے تو یہ خوشی کا وقت نہیں ہوتا۔ ریٹائر ہونے والے چیف انجینئر ڈویلپمنٹ انجینئر ملک سعید احمد وینس نے کہا کہ میں میپکو انتظامیہ اور تمام افسران کا مشکور ہوں جنہوں نے مجھے یہ عزت دی۔ محکمہ نے ہمیشہ عزت دی آج جو کچھ بھی ہیں اسی محکمہ کی وجہ سے ہیں۔ چیف انجینئر زشاہد حمید چوہان، کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان، فنانس ڈائریکٹر امتیاز احمد جگری، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آئی ایس میاں ندیم احمد نے کہا کہ ملک سعید احمد وینس اصول پسند اور درویش آدمی ہیں۔ ہمیشہ اصول اور قانون کی بات کی۔ میپکو میں ان کی کمی کبھی پوری نہیں ہو سکے گی۔ تقریب میں ڈائریکٹر کمرشل میاں رحمت اللہ، منیجر ایڈمن جلیل الرحمٰن، ڈپٹی منیجر لیگل امیر عباس سامٹیہ، منیجر پروکیورمنٹ ظفر بھٹی، 9 سرکلوں کے سپریٹنڈنگ انجینئرز، ڈپٹی کمرشل منیجرز اور دیگر افسران نے شرکت کی۔

میپکو میں ای آر پی کے نفاذ سے شعبوں کی کارکردگی میں بہتری آئے گی اور وسائل کی بچت ہوگی

خالد مسعود خان چیئرمین ہیومن ریسورس کمیٹی میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز

چیئرمین ہیومن ریسورس کمیٹی میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان نے کہا ہے کہ میپکو میں ای آر پی کے نفاذ سے شعبوں کی کارکردگی میں بہتری آئے گی اور وسائل کی بچت ہوگی۔ میپکو حکام اور ای آر پی کنسلٹنٹ کے ساتھ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین ای آر پی پراجیکٹ کی فوری تکمیل کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہے ہیں جو کہ نہایت خوش آئند ہے اور اس سے کمپنی کی کارکردگی میں بہتری آئے گی۔ اجلاس

چیئرمین ہیومن ریسورس کمیٹی میپکو آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان اور چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

میں کمیٹی کو بتایا گیا کہ پراجیکٹ کے لئے ڈیٹا انٹری کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ پراجیکٹ کی تکمیل کے لئے پراجیکٹ ڈائریکٹر اور پراجیکٹ منیجر کی تقرری کی تجاویز زیر غور آئیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا کہ میپکو کے لوگ نہایت باصلاحیت ہیں اور جلد ہی اس تبدیلی کو قبول کر کے کام میں بہتری لائیں گے۔ میپکو کے کنسلٹنٹ نے اس پراجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دی۔ اجلاس میں یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ اس پراجیکٹ پر کام کرنے والے اہلکاروں کو اعزازیہ بھی دیا جائیگا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس محمد نعیم اللہ، چیف انجینئر پلاننگ کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان، ایڈیشنل ڈی جی آئی ایس میاں ندیم احمد، فنانس ڈائریکٹر امتیاز احمد جگری، منیجر ایچ آر ایم لیاقت میمن، کمپنی سیکرٹری ساجد یعقوب انصاری، ڈپٹی منیجر ایچ آر ایم وقاص مسعود چغتائی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر کمپیوٹر طاہر مفتی نے شرکت کی۔

شعبہ تعلقات عامہ میپکو نے سوشل میڈیا استعمال کرنے والے افراد کے لئے فیس بک پر "میپکو ٹوڈے" (MEPCO TODAY) کے نام سے Page بنایا ہے جس پر میپکو کی سرگرمیاں اور خبریں شیئر کی جاتی ہیں۔ تمام ڈسکوز میں میپکو پہلی کمپنی ہے جس نے کمپنی کی Out Reach میں اضافے کے لئے سوشل میڈیا کو کامیابی سے استعمال کیا ہے۔ قارئین https://www.facebook.com/MEPCO-Today-438586292886479/?ref=bookmarks کے لنک کے ذریعے اس Page تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس Page کی بدولت میپکو کی مثبت سرگرمیوں سے فیس بک استعمال کرنے والے افراد بخوبی باخبر رہ سکتے ہیں۔ facebook

دور حاضر میں باعزت ریٹائرمنٹ اعزاز کی بات ہے

انجینئر مسعود صلاح الدین
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

ایڈیشنل چیف انجینئر ایم اینڈ ٹی چوہدری عبدالغنی کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب سے خطاب

میں میپکو انتظامیہ اور تمام افسران کا مشکور ہوں جنہوں نے مجھے یہ عزت دی

چوہدری عبدالغنی
ایڈیشنل چیف انجینئر ایم اینڈ ٹی

چوہدری عبدالغنی اصول پسند اور درویش آدمی ہیں۔ چیف انجینئرز محمود احمد خان، شاہد حمید چوہان، کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان کا اظہار خیال

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے کہا ہے کہ ملازمت میں عزت سے ریٹائرمنٹ ہر سرکاری ملازم کا خواب ہوتا ہے۔ دور حاضر میں باعزت ریٹائرمنٹ اعزاز کی بات ہے۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں ریٹائر ہونے والے ایڈیشنل چیف انجینئر ایم اینڈ ٹی چوہدری عبدالغنی کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب

ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو محمد نعیم اللہ، چیف انجینئرز شاہد حمید چوہان، سرفراز احمد خان، ملک سعید احمد وینس، ڈائریکٹر فنانس امتیاز احمد جگری اور میاں ندیم احمد ریٹائر ہونے والے چیف انجینئر ملک سعید احمد کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جس شخص نے اپنی سروس میں حلال روزی کمائی اسے کبھی کسی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورس میپکو محمد نعیم اللہ نے کہا کہ چوہدری عبدالغنی اپنے کام کے لئے اپنی زندگی وقف کرنے والے افسران میں سے ایک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک محکمہ میں برسوں ساتھ کام کر کے کسی کو الوداع کہنا اداس کر دیتا ہے۔ ہم فیملی سے زیادہ وقت دفتر میں گزارتے ہیں جب ان لوگوں سے جدا ہونا پڑے تو یہ خوشی کا وقت نہیں ہوتا۔ ریٹائر ہونے والے ایڈیشنل چیف انجینئر ایم اینڈ ٹی چوہدری عبدالغنی نے کہا کہ میں میپکو انتظامیہ اور تمام افسران کا مشکور ہوں جنہوں نے مجھے یہ عزت دی۔ آج جو کچھ بھی ہیں اسی محکمہ کی وجہ سے ہیں۔ چیف انجینئرز محمود احمد خان، شاہد حمید چوہان، کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان اور ریجنل منیجر سٹور اصغر ہاشمی نے کہا کہ چوہدری عبدالغنی اصول پسند اور درویش آدمی ہیں۔ ہمیشہ اصول اور قانون کی بات کی۔ میپکو میں ان کی کمی کبھی پوری نہیں ہو سکے گی۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈی جی آئی ایس میاں ندیم احمد، منیجر ایچ آر ایم لیاقت میمن، منیجر ایم اینڈ ایس اقبال شیخ، سپرنٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل محمد اکرم بھٹی، ایڈیشنل چیف انجینئر سول جبار احمد، منیجر ایم اینڈ ٹی سیکنڈ عباس لاشاری، منیجر پروکیورمنٹ ظفر بھٹی، مدثر شاہ، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی عمر لودھی، آڈٹ آفیسر مظہر اقبال، ڈپٹی منیجر لیگل ملک امیر عباس سامٹیہ، کمپنی سیکرٹری ساجد یعقوب انصاری اور ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی نے شرکت کی۔

میپکو انتظامیہ کی اولین ترجیح اپنے ملازمین کی فلاح و بہبود ہے

شاہد حمید چوہان
چیف انجینئر آپریشن میپکو

چیف انجینئر آپریشن میپکو شاہد حمید چوہان نے کہا ہے کہ ریٹائر ہونے والے ملازمین کا کام سے رشتہ ٹوٹا ہے ہم سے نہیں۔ان کے لئے میپکو کے دروازے ویسے ہی کھلے رہیں گے جیسے دوران سروس تھے۔وہ میپکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ 92ویں ریٹائرمنٹ تقریب سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ ریٹائرڈ ملازمین محکمہ کا حصہ رہیں گے پہلے تنخواہ لیتے تھے اب پنشن لیں گے۔انہوں نے کہا کہ تمام ملازمین کے ریٹائرمنٹ کے بعد بھی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے۔میپکو انتظامیہ کی اولین ترجیح اپنے ملازمین کی فلاح و بہبود ہے انتظامیہ اس سلسلہ میں ہمیشہ کی طرح کوشاں رہے گی۔انہوں نے کہا کہ ان تقاریب کے انعقاد کا مقصد

چیف انجینئر آپریشن میپکو شاہد حمید چوہان اور منیجر ایڈمن جلیل الرحمٰن میپکو ہیڈکوارٹر میں منعقدہ ریٹائرمنٹ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ریٹائرڈ ملازمین کے پنشن، واجبات کو بروقت ان کی دہلیز پر پہنچانا ہے تاکہ جن ملازمین کی 60 سالہ سروس کی تکمیل تک جو مشکلات درپیش ہوتی ہیں ان کا انتظامی طور پر حل کرکے بقایاجات کے چیک بروقت ادا کردیئے جائیں۔ریٹائر ہونے والے ملازمین میں واجبات کے چیک، پنشن بکس اور تحائف تقسیم کئے گئے۔تقریب میں ڈپٹی منیجر انکوائریز سہیل عباس، ڈپٹی منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس اقبال منور، سپرنٹنڈنٹ سمیع اللہ قریشی، نمائندہ ہائیڈرو یونین مدثر بھٹی اور دیگر نے شرکت کی۔

میپکو کی بجلی چوروں کے خلاف مہم، ایک لاکھ 91 ہزار سے زائد بجلی چور پکڑ لئے

38 کروڑ روپے جرمانہ عائد۔20 کروڑ 87 لاکھ روپے وصول کر لئے گئے۔

میپکو کی بجلی چوروں کے خلاف مہم، ایک لاکھ 91 ہزار 176 افراد پکڑے گئے۔776 کے خلاف مقدمات درج، 38 کروڑ روپے جرمانہ عائد کردیا گیا۔20 کروڑ 87 لاکھ روپے جرمانہ وصول۔تفصیل کے مطابق ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے بجلی چوروں کے خلاف جاری مہم کا دائرہ کار وسیع کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔جولائی 2016ء سے اب تک بجلی چوروں کے خلاف مہم میں ایک لاکھ 91 ہزار 176 افراد کے خلاف کاروائی کی گئی ہے اور انہیں 38 کروڑ 69 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے جس میں سے 20 کروڑ 87 لاکھ روپے وصول کر لئے گئے ہیں۔اس دوران 776 بجلی چوروں کے خلاف مقدمات کے اندراج کے لئے متعلقہ پولیس سٹیشنوں میں درخواستیں دے دی گئیں۔چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین کی ہدایت پر سب ڈویژن، ڈویژن، سرکل اور ہیڈکوارٹر کی سطح پر خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو ایم اینڈ ٹی کی ٹیموں کے ہمراہ بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کاروائی کررہی ہیں۔

پروموشن/اپ گریڈیشن

پاکستان الیکٹرک پاور کمپنی (پیپکو) اتھارٹی نے سلیکشن بورڈ کی منظوری سے ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے 11 سینئر انجینئرز کو سپریٹنڈنگ انجینئرز بنیادی سکیل 19 میں ترقی دے دی ہے۔ ترقی پانے والے سینئر انجینئرز میں غیاث محمود، عباس انجم لاشاری، محمد یعقوب، محمد اشفاق، محمد نواز ندیم، عبدالرحمٰن، عبدالاحد، آفتاب احمد، محمد سلیم خان، عبدالستار اور محمد اقبال خان شامل ہیں۔



واپڈا اتھارٹی نے ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے منیجر سول ورکس جبار احمد کو ٹائم سکیل اپ گریڈیشن کے تحت ایڈیشنل چیف انجینئر سول ورکس بنیادی سکیل 20 میں اپ گریڈ کر دیا ہے۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) انتظامیہ نے ڈپٹی منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس جہانگیر بھٹہ کو بنیادی سکیل 18 سے بنیادی سکیل 19 میں اپ گریڈ کر دیا ہے۔ انہیں 2 ستمبر 2016ء سے اپ گریڈ کیا گیا ہے وہ اپنے عہدے کے ساتھ ایڈیشنل کا لفظ استعمال کر سکیں گے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین نے حال ہی میں ترقی پانے والے ایگزیکٹو انجینئر رانا محمد تنویر کو میپکو شجاع آباد آپریشن ڈویژن تعینات کر دیا ہے انہوں نے اپنے عہدے کی ذمہ داریاں سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔ اس سے قبل وہ ایڈیشنل ڈپٹی منیجر پی ایم یو ڈویلپمنٹ ڈائریکٹوریٹ میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان میں خدمات سرانجام دے رہے تھے۔

آل پاکستان واپڈا انٹر یونٹ کبڈی ٹورنامنٹ 2016ء میں میپکو میں دوسری پوزیشن حاصل کر لی

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کبڈی ٹیم نے آل پاکستان واپڈا انٹر یونٹ کبڈی ٹورنامنٹ 2016ء میں دوسری پوزیشن حاصل کر لی۔ فیصل آباد میں منعقدہ کبڈی ٹورنامنٹ میں ملتان سمیت ملک بھر کی بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں، جنریشن کمپنیوں، واٹرونگ اور این ٹی ڈی سی کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ مہمان خصوصی چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) مزمل حسین نے کبڈی ٹورنامنٹ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر میپکو کبڈی ٹیم کے کپتان شفیق چشتی اور سپورٹس آفیسر میپکو شرافت علی کو ٹرافی دی اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین، چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو رشید اسلم اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ میپکو سپورٹس کمیٹی کے صدر/چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمود احمد خان، نائب صدر لیاقت علی میمن اور سیکرٹری علی اکرم گجر نے میپکو کبڈی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا ہے اور دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد دی ہے۔

چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) مزمل حسین فیصل آباد میں ہونے والے واپڈا انٹر یونٹ کبڈی ٹورنامنٹ میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والی میپکو کبڈی ٹیم کو ٹرافی دے رہے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مسعود صلاح الدین، چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو رشید اسلم، سپورٹس آفیسر میپکو شرافت علی اور دیگر آفسران بھی موجود ہیں۔

اطلاعات/اعلانات

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ڈسٹری بیوشن انجینئر سرفراز احمد ہراج نے محکمانہ کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے لائن سپریٹنڈنٹ فرسٹ میپکو شاہ صدر دین سب ڈویژن ڈی جی خان راحیل غنی کو ملازمت سے برطرف کر دیا ہے۔ مذکورہ ملازم کو پاکستان واپڈا ایمپلائز (ای اینڈ ڈی) رولز 1978ء کے تحت محکمانہ کاروائی کرتے ہوئے ملازمت سے فارغ کیا گیا ہے۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے 10 ملازمین کو ان کی بیٹیوں کی شادی کے لئے مجموعی طور پر 8 لاکھ روپے میرج گرانٹ دینے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ یہ رقم تمام ملازمین میں 80 ہزار روپے فی کس کے حساب سے تقسیم کی جائے گی۔ ان ملازمین میں مسز غلام سکینہ (ممتاز آباد ڈویژن)، عبدالستار (موسیٰ پاک ڈویژن)، محمد انوار الحق (بوریوالہ ڈویژن)، محمد ارشاد زاہد (ساہیوال سیکنڈ ڈویژن)، قصور حسین (ٹرانسپورٹ اینڈ سیکیورٹی) میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان، سرفراز نواز (کنسٹرکشن ڈویژن مظفر گڑھ)، ناصر جمیل (ریونیو آفس ممتاز آباد)، وقاص شفیع (ایس ایس اینڈ ٹی ڈویژن ملتان)، طاہر عباس (میلسی ڈویژن) اور عمران خان (انٹرنل آڈٹ) میپکو شامل ہیں۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے پروموشن بورڈ کی منظوری سے 10 سینئر سٹور کیپرز کو سٹور سسٹم سپروائزر بنیادی سکیل 16 میں ترقی دے دی ہے اور انہیں خالی آسامیوں پر تعینات کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ ترقی پانے والے سینئر سٹور کیپرز میں محمد طارق (فیلڈ سٹور بہاولنگر)، محمد سلیم (فیلڈ سٹور لیہ)، محمد ساجد (فیلڈ سٹور راجن پور)، ریاض احمد (فیلڈ سٹور رحیم یار خان)، زاہد محمود (فیلڈ سٹور بہاولپور)، شہزاد شفیع (ریجنل سٹور ملتان)، رضوان محمود (فیلڈ سٹور خانیوال)، محمد اشرف (فیلڈ سٹور لیہ)، کاشف غفور (ریجنل سٹور ملتان) اور محمد سعید (فیلڈ سٹور بہاولپور) شامل ہیں۔

آنکھوں کی حفاظت کے چند مفید مشورے

ڈاکٹر جہانزیب لون
کنسلٹنٹ آفتھیمالوجسٹ واپڈا ہسپتال ملتان

آنکھیں قدرت کا خوبصورت تحفہ ہے ان کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے کہ آپ قدرت کے حسین مناظر سے لطف اندوز ہوسکیں اور اپنے معمولات زندگی بہتر طور پر سرانجام دے سکیں۔

چند مفید معلومات اور مشورے درج ذیل میں دیئے جارہے ہیں تا کہ آپ اپنی آنکھوں اور بینائی کی حفاظت کرسکیں۔

1۔ آنکھوں میں قدرتی طور پر ایک ٹیئر فلم (Tear Film) ہوتی ہے جو حفاظتی تہہ کا کردار ادا کرتی ہے اس کے ہوتے ہوئے بھی کسی بھی آئی ڈراپ کی ضرورت نہیں تاوقتیکہ آپ کسی مسئلہ کا شکار نہ ہوجائیں۔

2۔ اپنی آنکھوں کو براہ راست سورج کی روشنی سے بچائیں اور اس مقصد کے لئے 100 فیصد الٹراوائیلٹ فلٹرسن گلاسز استعمال کریں۔

3۔ اپنی آنکھوں کو دن میں 5 بار صاف پانی سے دھوئیں تا کہ مٹی اور الرجی پیدا کرنے والے ذرات سے آنکھیں محفوظ رہ سکیں۔

4۔ مناسب روشنی میں مطالعہ کریں اور اس دوران سر اور گردن کا زاویہ ٹھیک رکھیں۔

5۔ بچوں کو نوک والی اشیاء جیسے پنسل وغیرہ سے نہ کھیلنے دیں۔

6۔ آنکھوں میں کسی بھی قسم کی تکلیف کی صورت میں خود سے کسی دوا کا استعمال نہ کریں اور ماہر چشم کو دکھائیں۔

7۔ اپنی آنکھوں کا باقاعدگی سے چیک اپ کروائیں تا کہ کسی بھی مرض کی بروقت نشاندہی اور علاج ہوسکے۔

بچوں میں خصوصاً پہلے 5 سال اور عموماً 9 سال آنکھوں کی بہت احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ بہت سے بیماریاں اس دورانیہ میں حملہ آور ہوسکتی ہیں جن میں بھینگا پن بھی شامل ہے ان کا علاج ممکن ہے اگر بروقت ان کی تشخیص ہوجائے اور مناسب علاج کیا جائے۔ بچوں میں آنکھوں کا چیک اپ وقت پیدائش، پہلے سال، تیسرے سال، پانچویں سال اور آٹھویں سال میں ضرور کرانا چاہئے اگر آپ نے پہلے چیک اپ نہیں کروایا تو ابھی سے شروع کروائیں۔

نوعمر بچوں میں اگر وہ آنکھوں میں جلن، خارش، پانی کا بہنا اور کچھ اؤ محسوس کررہے ہوں یا دھندلا نظر آرہا ہو تو فوری طور پر ماہر چشم کو چیک کروائیں۔ بالغ اور عمر رسیدہ لوگ یعنی 38 سال کے بعد ہر سال آنکھوں کا معائنہ کروائیں۔ کالا موتیا ایک خوفناک بیماری ہے جو خاموشی سے بینائی سے محروم کردیتی ہے اور مریض کو اس کی خبر تک نہیں ہوتی یہاں تک کہ جب احساس ہوتا ہے تو نقصان ناقابل تلافی ہوچکا ہوتا ہے۔ چالیس سال کی عمر کے بعد مناسب سکریننگ ہر سال کروائی جائے تا کہ کالا موتیا کی بروقت تشخیص ہوسکے کیونکہ یہ بیماری 40 سال کے بعد عام ہے اور خاص طور پر ایسے افراد میں جن کے خاندان میں اسکے مریض پہلے سے موجود ہوں۔

ذیابطیس کے مریض 3 سے 12 ماہ کے وقفہ کے بعد لازمی آنکھیں چیک کروائیں تا کہ مرض کی قابل علاج مرحلہ پر تشخیص ہوسکے اور لیزر یا انجکشن کے ذریعے علاج ہوسکے۔ اگر یہ مرحلہ گزر جائے تو یہ مرض ناقابل علاج ہوجاتا ہے اور نتیجہ اندھاپن ہے۔

سفید موتیا کا مرض عام ہے اور عموماً بڑھاپے میں ہوتا ہے مگر کچھ لوگ پہلے ہی اسکا شکار ہوجاتے ہیں اس کا علاج آپریشن کے ذریعے ممکن ہے۔ پہلے پرانے طریقوں سے علاج میں دشواریاں تھیں مگر اب جدید ٹیکنالوجی کی بدولت آپریشن آسان اور علاج ممکن ہے۔

کارنیا کی بیماری بھی اندھے پن کی طرف مریض کو لے جاتی ہے جس کا علاج اب آپریشن کے ذریعے کارنیا کی تبدیلی کے ذریعے ممکن ہے اگر ابتدائی مراحل میں جدید طریقہ علاج جیسے الٹراوائلٹ شعاعیں CXL/C3R، ICRS(INTACS/ FERARRA) اپنایا جائے تو کیراٹو پلاسٹی کے بڑے آپریشن سے بچاؤ ممکن ہے۔